© rasailojaraid.com

سامنے پیش کی۔ یہ یادداشت بڑی موثر اور دلچسپ ہے۔ اس مجموعہ کی ترتیب کے لیے اس کے فاضل مرتبین ملک کے دینی حلقوں سے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ باری تعالیٰ ان کے عزائم اور ارادوں کو تقویت بخشے۔

معیارِ کتابت و طباعت اوسط درجے کا ہے۔ البتہ کتابت میں کچھ اغلاط رہ گئی ہیں۔ قیمت درج نہیں۔

---

آزمائش کی گھڑی | تالیف جناب مسکین حجازی صاحب لیکچرار شعبۂ صحافت جامعہ پنجاب لاہور۔ ناشر: پاکستان کو اپریٹو پبلشرز لاہور۔ صفحات ۲۰۴۔ قیمت چھ روپے بارہ آنے۔

گزشتہ سال بھارتی جارحیت کے مقابلے میں اہلِ پاکستان نے جس پامردی: جرأت، اتحاد، تنظیم اور جذبۂ ایثار کا ثبوت دیا ہے وہ تاریخ میں ہمیشہ ایک مقدس یادگار کے طور پر محفوظ رہے گا۔ فاضل مصنف جناب مسکین حجازی صاحب نے زیرِ تبصرہ کتاب میں ایامِ جنگ کے واقعات تاریخ وار درج کیے ہیں۔ انہیں پڑھ کر ہمیں اپنی قوم کی خوابیدہ صلاحیتوں کا احساس ہوتا ہے اور ہم اس کے مستقبل کے بارے میں مایوس ہونے کی بجائے علامہ اقبال مرحوم کے الفاظ میں یہ یاد کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں:

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی!

یہ ڈائری دلوں کو گرمانے کے علاوہ ایک مستند تاریخی دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ جس سے مستقبل کا مؤرخ بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

طباعت اور کتابت کا معیار عمدہ ہے۔

---

گلبانگِ جہاد | مرتبین: جناب شادانی، جناب قمر صدیقی، جناب حفیظ صدیقی اور جناب حفیظ الرحمٰن احسن۔ شائع کردہ: ایوانِ ادب۔ چوک اردو بازار، لاہور۔ صفحات ۲۱۶۔

© rasailojaraid.com